© rasailojaraid.com

فتاوائے سراجیہ کا اقتباس، ہدایہ اور فتح القدیر (شرح ہدایہ)، اور عینی (شرح ہدایہ) نیز شرح وقایہ، عمدۃ الرعایہ اور نقایہ کے احکام، قدوری، فتاویٰ عالمگیری، کنز الدقائق، نور الایضاح اور جامع الرموز کے فتوے، علامہ سید صدیق حسن کا زاویہ نگاہ، مرقاۃ شرح مشکوٰۃ کا فیصلہ، امام شافعی، امام مالک، امام ابن حجر مکی، امام ابن قیم، قاضی ثناء اللہ پانی پتی اور علامہ سید محمود آلوسی کا حکم، شیخ عبدالقادر جیلانی کا ارشاد، مولینا احمد رضا خاں بریلوی کے خیالات —— وغیرہم —— یہ فہرست اتنی لمبی ہے کہ اسے درج کرنے کے لیے ہمارے پاس جگہ نہیں۔

اس درجے اور مرتبے کے اتنے بزرگ اور ان کی معتمد علیہ کتابیں کتاب وسنت کی توضیح دربارۂ زیارتِ قبور جب ہم پر منکشف کر رہی ہوں تو پھر ہماری خواہشات، ظنیات، ماحول کے مرسومات اور بے قید واعظوں کے لطائف کیا حیثیت رکھتے ہیں۔

کتاب کے شروع میں سابق ایڈیشن کے متعلق ریویو درج ہیں۔ ان میں سے بیشتر میں کہا گیا ہے کہ یہ کتاب اہل حدیث کے مسلک کی ترجمان ہے۔ مثلاً ایک فقرہ یہ ہے کہ "زیارتِ قبور کا شرعی طریقہ —— مکتبِ اہلِ حدیث کے فکر وخیال کی آئینہ دار ہے۔" ریویو نگاروں کو ایسا تاثر ملا ہوگا۔ حالانکہ کتاب کے نام کی طرح اس کا تعارف بھی ایسا ہونا چاہیے جس سے ظاہر ہو کہ کتاب وسنت کے مطابق زیارتِ قبور کا اسلامی طرز یوں ہے۔

اس قسم کے موضوعات کو مناظرانہ چکر سے نکال کر اگر مثبت انداز سے پیش کیا جائے تو مختلف گروہوں کے حضرات کے اندر گروہی تعصبات انگڑائی نہ لیں گے اور وہ ٹھنڈے طریق سے سوچ سکیں گے۔ اس طرح زیادہ وسیع حلقوں میں اصلاح پھیل سکے گی۔

---

اخوان المسلمون

تالیف: افتخار احمد

ناشر: ادیبوں کا اشاعتی ادارہ پوسٹ بکس نمبر ۲۵۔ فیصل آباد

قیمت مجلد ۲۴ روپے

ملت اسلامیہ آج اگرچہ بہت مشکل اور پیچیدہ حالات سے دوچار ہے، مگر غیر معمولی بات یہ ہے کہ اس کے اندر اٹھان اور اڑان کے لیے ایک ولولۂ تازہ سرایت کیے ہوئے ہے۔ تاریخ میں بارہا ایسا ہوا ہے کہ جب بھی کوئی قوت ابھرنا چاہتی ہے تو مشکلات و مولفات آزمائش عزم کے لیے سامنے آجاتے ہیں۔ پس موجودہ خرابیٔ احوال کے باوجود کچھ نہ کچھ ہونے والا ہے۔ ملت کے اس ولولۂ تازہ کو حرکی قوت بنانے میں ان اسلامی تحریکات کا بڑا

© rasailojaraid.com